# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 13 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ کسانوں کے ساتھ بات چیت کے ذریعے شکتی پیٹھ شاہراہ کی تعمیر کی جائے گی' وزیراعلیٰ کا بیان۔

☆ جعلی معاملات کی روک تھام کے لئے پیدائش اور موت کی اندراج کے قانون میں ترمیم۔فوری طور پر عمل درآمد شروع۔

☆ لاڈلی بہن اسکیم پر عمل درآمد کے معاملے میں حزب اختلاف کا اسمبلی سے واک آؤٹ۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کی آبرسانی اسکیم دسمبر 2026 تک مکمل کی جائے گی۔وزیر صنعت کا اسمبلی میں بیان۔

اور۔۔۔ ☆ ناندیڑ ضلع کے لینڈی پروجیکٹ کے لئے گوداوری کارپوریشن کو 90 کروڑ کا فنڈز جاری۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

شکتی پٹھ ہائی وے سے متعلق کسانوں کی مشکلات کو سمجھتے ہوئے بات چیت کے ذریعے اس ہائی وے کی تعمیر کی جائے گی، یہ وعدہ وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کیا۔کل ریاستی کونسل میں اپوزیشن کے رہنما امبادیش دانوے نے اس ہائی وے کے خلاف ممبئی کے آزاد میدان میں کسانوں کے مارچ پر توجہ دلائی، اس موقع پر وزیراعلیٰ نے یہ موقف اپنایا۔انہوں نے کہا کہ کولہاپور میں اس ہائی وے کے لیے کسانوں کی حمایت بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ہائی وے کی تعمیر سے مراٹھواڑہ سمیت ریاست کے کئی اضلاع میں زندگی کے معیار میں غیر معمولی تبدیلی آئے گی، اور ریاست کی ترقی کے لیے یہ منصوبہ اہم ہے۔اس کے لیے اپوزیشن کو تعاون کرنا چاہیے۔

اسی بیچ کسانوں نے اس ہائی وے کی تعمیر کو منسوخ نہ کرنے کی صورت میں ہر ضلع میں وزیروں کے گھروں پر احتجاجی مارچ نکالنے کی دھمکی دی ہے۔ بیڑ، پربھنی، ہنگولی، ناندیڑ، دھاراشیو اور لاتور سمیت 12 اضلاع کے کسان اس مارچ میں شریک ہوئے تھے۔

---

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ریاستی کونسل میں کہا کہ 99 فیصد سرمایہ کاری کے معاملات میں دھوکہ دہی کا اندیشہ ہوتا ہے، اس لیے شہریوں کو ایسی سرمایہ کاری سے بچنا چاہیے۔انہوں نے یہ بات ٹورس کمپنی کی جانب سے سرمایہ کاروں کے لاکھوں روپے کی دھوکہ دہی سے متعلق نیشنلسٹ کانگریس پارٹی شرد پوار گروپ کے رکن ششی کانت شندے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہی۔

---

پلاسٹر آف پیرس (POP) کی مورتیوں پر پابندی کے بارے میں ڈاکٹر انیل کاکوڈکر کی سربراہی میں بنائی گئی کمیٹی کی رپورٹ کے آنے تک،

POP مورتیوں کی اجازت دینے کے لیے عدالت سے درخواست کرنے کی بات وزیر اعلیٰ نے کی۔اس پر اپوزیشن لیڈر امباداس دانوے نے تحریک التواء پیش کی اور حکومت سے اس بارے میں موقف واضح کرنے کا مطالبہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مزدوروں اور مورتی بنانے والوں کے مفادات کا خیال رکھتے ہوئے کمیٹی اس مسئلے کا تکنیکی حل نکالے گی۔

---

ریاستی وزیر میگھنا ساکورے بورڈیکر نے ریاستی کونسل میں کہا کہ مارٹھواڑہ واٹر گرڈ اسکیم کا کام جلد شروع ہوگا اور حکومت اسے فعال کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہے۔

---

جعلی سرٹیفکیٹس کی روک تھام کے لیے پیدائش اور موت کے رجسٹریشن ایکٹ میں ترمیم کی گئی ہے اور اس کا نفاذ کل سے شروع ہو چکا ہے۔ان سرٹیفکیٹس کو جاری کرنے کے لیے تین سطحوں کی تصدیق کی جائے گی اور اگر کاغذات جعلی پائے گئے تو فوری طور پر فوجداری کارروائی کی جائے گی۔

---

گذشتہ روز ریاستی اسمبلی میں مالیاتی بجٹ پر بحث ہوئی۔شیوسینا کے ادھوٹھاکرے کے رکن ورون سردیسائی نے کہا کہ مہایوتی حکومت نے بجٹ سے عوام کو کچھ نہیں دیا، اور حکومت مالیاتی حسابات پیش کرنے میں ناکام رہی ہے۔کانگریس کے رکن اِمت دیشمکھ نے کہا کہ حکومت یہ واضح کرنا چاہیے کہ سرمایہ کاری کہاں کی جائے۔دیشمکھ نے زرعی ٹرانسپورٹ ڈیولپمنٹ پروگرام کو ڈیزائن کرنے اور مراٹھواڑہ واٹر گریڈ کو پانچ برس میں مکمل کرنے کے مطالبات بھی کیئے۔

---

اسی بیچ لاڈلی بہن اسکیم پر عمل آوری معاملے میں اپوزیشن نے اسمبلی سے واک آؤٹ کیا۔خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزیر ادیتی ٹٹکرے نے بتایا کہ اس اسکیم سے فائدہ اٹھانے والی خواتین کی تعداد 2 کروڑ 47 لاکھ ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ ان خواتین کو 2100 روپے کی امداد کا فیصلہ مناسب وقت پر کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نمو سمان اسکیم سے مستفید ہونے والی خواتین کو اس اسکیم کے تحت 1000 روپے اور لاڈلی بہن اسکیم سے 500 روپے دیئے جائیں گے۔تسلی بخش جواب نہ ملنے پر مخالف جماعتوں کے اراکین نے سوالات کرنے کی اجازت مانگی۔تاہم اسپیکر نے اسے مسترد کرتے ہوئے کاروائی جاری رکھی۔جس پر اپوزیشن اراکین نے نعرے بازی کرتے ہوئے واک آؤٹ کیا۔

---

بیڑ ضلع کے گیورائی میں مہاراشٹر رورل روڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے ذریعے وزیر اعلیٰ دیہی سڑک یوجنا اور وزیر اعظم سڑک یوجنا کے تحت مکمل سڑکوں کے کام کی تفتیش کی جائے گی، دیہی ترقی کے وزیر جے کمار گورے نے ریاستی اسمبلی میں یہ اعلان کیا۔

---

جالنہ ضلع کے پرتور منٹھا اور جالنہ تعلقہ میں واٹر گرڈ یوجنا کے تحت محصول کے بقایہ جات ادا نہ کرنے پر 200 گاؤں کا پانی بند کرنے کا معاملہ رکن اسمبلی ببن راؤ لونیکر نے اسمبلی میں اٹھایا۔انہوں نے کہا کہ وصولی کے لیے ایک مہینے کا وقت دیا جائے، لیکن پانی کی فراہمی فوراً شروع کی جائے۔

---

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

---

صنعتوں کے ریاستی وزیر ادئے سامنت نے قانون ساز اسمبلی کو بتایا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر کے شہریان کو پینے کا پانی فراہم کرنے کے لئے نل سے پانی کی فراہمی اسکیم دسمبر 2026 تک مکمل کی جائے گی۔ رکن اسمبلی ولاس بھومرے نے یہ معاملہ اٹھایا تھا۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ ہائیکورٹ ہر 15 دن بعد اس آبرسانی منصوبے کے کام کا جائزہ لے رہی ہے اور اسکیم کا کام عدالت کی ہدایت کے مطابق چل رہا ہے۔ سامنت نے بتایا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کو روانہ 166 رایم ایل ڈی پانی کی ضرورت ہے۔ جبکہ فی الحال 90 رایم ایل ڈی پانی فراہم کیا جارہا ہے۔

---

ناندیڑ ضلع کے لینڈی منصوبے کے لیے 90 کروڑ روپیوں کی رقم گوداوری کارپوریشن کو دی گئی۔ آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے اس رقم سے کسانوں کو خصوصی سبسڈی دینے اور منصوبے کے کام کو تیزی سے شروع کرنے کی ہدایات دی ہے۔

---

مستاجوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل کے معاملے کی پہلی سماعت کل کیج عدالت میں ہوئی۔ ملزمان کی شناخت کی پریڈ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے کی گئی۔ اس کیس کی اگلی سماعت 26 مارچ کو ہوگی۔

---

ہنگولی ضلع کے سین گاؤں تعلقے کے ڈونگر گاؤں میں کل واٹرشیڈ یاترا کو شہریان کی جانب سے اچھی پذیرائی ملی۔ ضلع کلکٹر ابھینو گویل نے یاترا کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ گاؤں کے لوگ ہر بارش کے قطرے کو زمین میں جذب کرائیں اور گاؤں کی آبادی کے حساب سے ہر شخص دو درخت لگائے۔

---

چھترپتی سمباجی نگر کے جلگاؤں میں کل ایک دن گاؤں والوں کے ساتھ اس پروگرام کے تحت گرام دربار منعقد کیا گیا۔ تعلقے کی بی ڈی او مینا راؤ تاڑے اور معاون بی ڈی او شیواجی ساڑونکے کی موجودگی میں گاؤں والوں کو فلاحی اسکیموں کے بارے میں معلومات دی گئی۔

---

ناندیڑ میں گھوڑوں کی نسل میں ہونے والی بیماری گلائنڈر کی تصدیق ہوئی ہے۔ اس کے پیش نظر ناندیڑ شہر میں باہر سے آنے اور جانے والے گھوڑوں کی نقل و حرکت پر پابندی عائد کرنے کے احکام ضلع کلکٹر راہول کرڈیلے نے دیئے ہیں۔

---

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی امباجوگائی شاخ کی نئی کارگذار کمیٹی کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کمیٹی کے صدر ڈاکٹر راہل دھاکڈے اور سیکریٹری گورکھ شیندرے منتخب ہوئے ہیں۔ یہ کمیٹی پانچ سال تک فعال رہے گی۔

---

ہنگولی ضلع کے کلم نوری میں پنڈت دین دیال اپادھیائے روزگار میلہ اور وزیر اعلیٰ یوتھ ورک ٹریننگ اسکیم کا بھرتی میلہ منعقد کیا گیا۔ اس میں 189 امیدواروں کا ابتدائی انتخاب کیا گیا ہے۔

---

ناندیڑ ضلع کی ذات سرٹیفکیٹ کی تصدیق کرنے والی کمیٹی نے آئندہ 17 تاریخ کو ایک دن کی خصوصی ورکشاپ کا انعقاد کیا ہے۔ کمیٹی نے بارہویں جماعت کے ضرورت مند طالب علموں کو اس ورکشاپ میں شرکت کی درخواست کی ہے۔

---

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ کسانوں کے ساتھ بات چیت کے ذریعے شکتی پیٹھ شاہراہ کی تعمیر کی جائے گی، وزیر اعلیٰ کا بیان۔

☆ جعلی معاملات کی روک تھام کے لئے پیدائش اور موت کی اندراج کے قانون میں ترمیم۔ فوری طور پر عمل درآمد شروع۔

☆ لاڈلی بہن اسکیم پر عمل درآمد کے معاملے میں حزب اختلاف کا اسمبلی سے واک آؤٹ۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کی آبرسانی اسکیم دسمبر 2026 تک مکمل کی جائے گی۔ وزیر صنعت کا اسمبلی میں بیان۔

اور۔۔۔ ☆ ناندیڑ ضلع کے لینڈی پروجیکٹ کے لئے گوداوری کارپوریشن کو 90 کروڑ کا فنڈز جاری۔

***** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****